Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Secretariat

August 16, 2024

پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی کا اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا جس میں مندرجہ ذیل فیصلے کیئے گئے

چیئرمین عمران خان صاحب کے مقدمات کے بارے میں کور کمیٹی ممبران کو مکمل تفصیلات بتائی گئیں۔ اور امید کی جا رہی ہے کہ یہ مقدمات ستمبر کے مہینے میں اختتام تک پہنچ جائیں گے۔

کور کمیٹی میں فیصلہ ہوا کہ اسلام آباد کا جلسہ ہر صورت میں ۲۲ اگست ۲۰۲۴ بروز جمعرات منعقد کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں ایک کمیٹی بھی تشکیل دی گئی جو جلسے کے سلسلے میں تمام انتظامات کا جائزہ لے گی اور جلسہ کی کامیابی کو یقینی بنائے گی۔

کور کمیٹی نے سپریم کورٹ میں القادر ٹرسٹ کیس کے بارے میں قاضی فائز عیسی کے ریمارکس کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور اس نتیجہ پر پہنچی کہ ریکارکس غیر مناسب تھے جو القادر ٹرسٹ کیس کے ماتحت عدالت کے سامنے زیر سماعت مقدمہ کے میرٹ کے بارے میں تھے۔ جس سے عدالت ماتحت کے سامنے مقدمہ کی میرٹ پر سماعت متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ اس بات کا بھی اعادہ کیا گیا کہ فریق یا اس کے وکیل کی غیر موجوگی کسی کیس کے میرٹ پر بات نہیں ہونی چاہیے کیونکہ یہ ٹرائل کے اوپر اثر انداز ہو سکتا ہے۔

ان حقائق کو سامنے رکھتے ہوئے کور کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ قاضی فائز عیسی ، عمران خان اور پاکستان تحریک نصاف سے متعلقہ تمام مقدمات سے اپنے آپ کو فی الفور علیحدہ کریں۔ اور اپنےبیان کے بارے میں وضاحت بھی جاری کریں۔ تاکہ ماتحت عدالت زیر سماعت القادر ٹرسٹ کیس کا اس کے سامنے موجود دستیاب شواہد اور شہادت کی بنیاد پر میرٹ پر فیصلہ کر سکے۔

کور کمیٹی نے حماد اظہر کے استعفی کو متفقہ طور پر مسترد کر دیا۔ اور ان سے درخواست کی کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو جاری رکھیں اور موجودہ مشکل وقت میں پارٹی کو مزید مظبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

منجانب:

مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ، پاکستان تحریک انصاف